فوری ریلیز کے لیے: 1/7/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا اس موسمِ گرما میں ریاست نیو یارک بھر میں تقریباً 1.6 ملین بچوں کو غذائی امداد کی مد میں $189 ملین ترسیل کر دیے جانے کا اعلان

2026 کے سمر EBT پروگرام کے ذریعے اہل خاندانوں کو فی بچہ $120 دیئے جا رہے ہیں

سمر EBT مراعات اجراء کے 122 دن بعد ختم ہو جاتی ہیں، وصول کنندگان کو چاہیئے کہ وہ مراعات موصول ہونے کے فوراً بعد انہیں استعمال کر لیں

سمر EBT اسکولوں میں موسمِ گرما کی چھٹیوں میں کم آمدنی والے خاندانوں کو اسکول جانے والی عمر کے بچوں کے لیے صحت بخش، غذائیت سے بھرپور کھانے فراہم کرنے میں مدد دے گا

یہ گورنر کے بچوں اور خاندانوں کے لیے افورڈیبلٹی ایجنڈے پر مبنی ہے، جس میں یونیورسل اسکول کے مفت کھانے، توسیع شدہ چائلڈ ٹیکس کریڈٹ، اور یونیورسل چائلڈ کیئر شامل ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ کم آمدنی والے تقریباً 1.6 ملین بچوں کو 2026 کے موسم گرما میں مراعات کی الیکٹرانک منتقلی (Summer Electronic Benefits Transfer, Summer EBT) پروگرام کے حصے کے طور پر غذائی امداد کی مد میں مجموعی طور پر 189$ ملین پہلے ہی فراہم کیے جا چکے ہیں۔ موسمِ گرما کے دوران جب طلبہ کو اسکول کے مفت کھانوں تک رسائی حاصل نہیں رہتی، تب اس پروگرام کے تحت اہل خاندانوں کو خوراک کی ادائیگی میں مدد کے لیے 120$ فی بچہ فراہم کیے جاتے ہیں۔

"ہمارے بچوں کے مستقبل میں سرمایہ کاری اور نیو یارک کے شہریوں کے لیے زندگی کو زیادہ قابلِ استطاعت بنانے کے سلسلے میں میری جدوجہد کا مرکزی حصہ اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہر کمسن فرد کے پاس پھلنے پھولنے کے لیے درکار غذائیت موجود ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ایسے وقت میں کہ جب واشنگٹن میں SNAP جیسے اہم غذائی پروگراموں کو مسلسل حملوں کا سامنا ہے، سمر EBT کے تحت نیو یارک کے کام کرنے والے خاندانوں کی جیبوں میں پیسے واپس ڈالے جاتے ہیں، جس سے انہیں موسمِ گرما کے مہینوں میں اس وقت صحت بخش خوراک خریدنے میں مدد ملتی ہے جب اسکول بند ہوتے ہیں اور بہت سے بچوں کو اسکول کے مفت کھانوں تک رسائی حاصل نہیں رہتی۔"

سمر EBT کی مراعات کا اجراء جون کے وسط میں شروع ہوا تھا اور یہ موسمِ گرما کے دوران اور سال کے آخر تک خاندانوں کو بھیجی جاتی رہیں گی۔ تکمیل پر توقع ہے کہ اسکول کی عمر کے اندازاً 2 ملین بچوں کو غذائی امداد کی مد میں تقریباً 240$ ملین جاری کیے جائیں گے۔

زیادہ تر اہل بچوں کو مراعات خود بخود حاصل ہو جاتی ہیں۔ البتہ، کچھ خاندانوں کو درخواست دینے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ نیو یارک کے شہریوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اہلیت کے بارے میں مزید جانیں اور اگر ضرورت ہو تو 8 ستمبر کی آخری تاریخ سے پہلے درخواست دیں۔

اگرچہ واشنگٹن کے ریپبلکنز نے ضرورت مند افراد کی مدد کے لیے بنائے گئے پروگرامز کو کمزور کرنے کی کوشش کی ہے، تاہم گورنر Hochul (ہوکل) نے نیو یارک میں خاندانوں کے لیے زندگی کو زیادہ قابلِ استطاعت بنانے کی جدوجہد پر مسلسل توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی توجہ اس بات پر بھرپور طور پر مرکوز رہی ہے کہ نیو یارک کے شہریوں کے ان ڈالروں کا تحفظ کیا جائے جن پر وہ بھروسہ کرتے ہیں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ انہیں اپنے اور اپنے خاندانوں کی بہتری کے لیے ضروری وسائل تک رسائی مل سکے۔

گورنر Hochul (ہوکل) نے مالی سال 2027 کے ریاستی بجٹ میں بھوک سے بچاؤ اور غذائی امداد کے پروگرام (Hunger Prevention and Nutrition Assistance Program, HPNAP) کے لیے $51 ملین، HPNAP کو علاقائی فوڈ بینکس اور پینٹریز تک وسیع کرنے کے لیے $15 ملین، اور نرش NY پروگرام (Nourish NY Program) کے لیے $55 ملین حاصل کیے ہیں۔ یہ اس $65 ملین کے علاوہ ہے جس کا اعلان اکتوبر میں ہنگامی غذائی امداد کے لیے کیا گیا تھا، جو نیو یارک کے اہم فوڈ بینک اور پینٹری شراکت داروں کے نیٹ ورک کو مضبوط کرے گا۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے مالی سال 2027 میں پیش کیے گئے اسکول کے کھانوں کی لاگت کی ادائیگی کے لیے $395 ملین بھی حاصل کیے ہیں، یہ رقم سال بہ سال $55 ملین کا اضافہ ہے جس سے یونیورسل اسکول کے مفت کھانے کے پروگرام (Universal Free School Meals, UFSM) کے نفاذ کا سلسلہ جاری رہتا ہے، جسے مالی سال 2026 کے بجٹ میں نافذ کیا گیا تھا۔ مزید برآں، گورنر کے فنڈنگ کے عزم کے ساتھ، نیو یارک ان چند ریاستوں میں شامل ہو جاتا ہے جو چپ پر مبنی محفوظ EBT کارڈ ٹیکنالوجی کی طرف منتقل ہو رہی ہیں تاکہ SNAP وصول کنندگان کو اسکمنگ سے بچانے میں مدد دی جا سکے۔

ریاستی دفتر برائے عارضی اور معذوری کی امداد (Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA) کے زیرِ انتظام، سمر EBT ایک وفاقی فنڈ شدہ پروگرام ہے جس کا مقصد ان بچوں میں بھوک اور غذائی عدم تحفظ میں کمی لانا ہے جو موسمِ گرما کے دوران، جب اسکول بند ہوتا ہے، اسکول کے مفت اور کم قیمت کھانوں تک رسائی حاصل نہیں کر پاتے۔ اس موسمِ گرما کے پروگرام کے حصے کے طور پر اسکول جانے والے بچوں پر مشتمل اہل خاندانوں کو $120 فی بچہ کے حساب سے ایک مرتبہ ادائیگی کی جائے گی۔

تحقیق سے ظاہر ہوا ہے کہ موسمِ گرما میں خاندانوں کو غذائی مراعات فراہم کرنے سے بچوں میں بھوک کی شرح کم ہوتی ہے اور بہتر غذائیت کو فروغ ملتا ہے۔ USDA کی جانب سے ایک نمائشی پروجیکٹ کا تجربہ کرنے سے معلوم ہوا تھا کہ سمر EBT کی وجہ سے شدید غذائی عدم تحفظ کے شکار بچوں کی تعداد میں ایک تہائی کمی ہوئی تھی۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری کی امداد کی کمشنر Barbara C. Guinn (باربرا سی گوئن) نے کہا، "سمر EBT نیو یارک کے کمزور ترین بچوں میں غذائی عدم تحفظ کے خلاف ہماری جدوجہد کا ایک ضروری وسیلہ بن چکا ہے۔ موسمِ گرما کے دوران جب مفت ناشتہ اور دوپہر کا کھانا دستیاب نہیں ہوتا، ایسے میں کم آمدنی والے خاندانوں کے بچوں کو اہم غذائی مدد فراہم کر کے یہ پروگرام اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے کہ بچوں کو وہ صحت بخش خوراک ملتی رہے جو انہیں موسمِ گرما کے دوران پھلنے پھولنے اور خزاں میں تعلیمی سال شروع ہونے پر سیکھنے کے لیے تیار ہونے کے لیے درکار ہوتی ہے۔ ہم بھوک اور غذائی عدم تحفظ کو کم کرنے والے پروگرامز کو ترجیح دینے اور نیو یارک کے بچوں اور خاندانوں کے لیے غیر متزلزل حمایت پر گورنر Hochul (ہوکل) کے شکر گزار ہیں۔"

اہل بچوں کو ایک EBT کارڈ پر سمر EBT غذائی مراعات حاصل ہوتی ہیں جسے ان کے خاندان بالکل اضافی غذائی معاونتی پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP) کی مراعات کی طرح استعمال کر سکتے ہیں۔ سمر EBT غذائی مراعات کو خوراک کے مجاز ریٹیل فوڈ اسٹورز، فارمرز مارکیٹس، اور جہاں کہیں بھی SNAP قبول کیا جاتا ہو، وہاں پھلوں، سبزیوں، گوشت، ثابت اناج، اور ڈیری مصنوعات جیسی خوراک خریدنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

تمام اہل گھرانوں کو مراعات وصول کرنے سے پہلے ایک خط بھیجا جاتا ہے۔ وہ اہل گھرانے جنہوں نے 2025 میں اپنا سمر EBT کارڈ استعمال کیا تھا انہیں گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی اسی کارڈ پر مراعات ملیں گی۔ جو بچے

2026 میں اس پروگرام میں نئے ہیں یا جنہوں نے اپنی 2025 کی مراعات استعمال نہیں کی تھیں، انہیں ایک نیا کارڈ ملے گا۔ متبادل کارڈز کے بارے میں معلومات کے لیے، سمر EBT ویب سائٹ دیکھیں۔

اہل ہونے کے لیے، بچے کا ایسے اسکول میں جانا ضروری ہے جو قومی اسکول لنچ پروگرام (National School Lunch Program) میں حصہ لیتا ہو اور وہ اسکول کے مفت/کم قیمت کھانوں کے لیے آمدنی کی شرائط پوری کرتا ہو۔

SNAP، عوامی امداد (Public Assistance) یا Medicaid حاصل کرنے والوں سمیت زیادہ تر اہل بچے خود کار طور پر سمر EBT حاصل کریں گے اور انہیں درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

دیگر اہل خاندانوں کو اپنے بچوں کے لیے مراعات حاصل کرنے کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہو گی۔

یہ مراعات جاری ہونے کی تاریخ سے **122 دن** تک سمر EBT غذائی مراعات کارڈ پر دستیاب رہتی ہیں۔ اس مدت کے بعد استعمال نہ کی گئی تمام مراعات کارڈ سے **ختم** کر دی جاتی ہیں۔ وصول کنندگان کو چاہیئے کہ وہ اپنی مراعات موصول ہونے کے فوراً بعد انہیں استعمال کر لیں۔

مراعات جاری ہونے سے پہلے گھرانوں کو اہلیت کے خطوط ڈاک کے ذریعے بھیجنے، مراعات جاری ہونے کے بعد انہیں استعمال کرنے کے لیے ٹیکسٹ یاد دہانیاں بھیجنے، اور سمر EBT کی دیگر اہم اپ ڈیٹس کے ساتھ ٹیکسٹس اور ای میلز بھیجنے کے علاوہ، OTDA ریاست بھر میں اسکول ڈسٹرکٹس، غذائی معاونت کے حامیوں، اور دیگر کمیونٹی شراکت داروں کے ساتھ کام کر رہا ہے تاکہ سمر EBT کے بارے میں عوامی آگاہی بڑھائی جا سکے۔ OTDA، ریاستی دفتر برائے کسٹمر ایکسپیریئنس (State Office of Customer Experience) اور دیگر ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ بین الایجنسی رسائی پر بھی کام کر رہا ہے جس میں ny.gov ویب سائٹ پر اور تھرو وے اتھارٹی (Thruway Authority) کے ریسٹ اسٹاپس، محکمۂ محنت (Department of Labor) کے کریئر سینٹرز، اور ریاست بھر میں محکمۂ موٹر وہیکلز (Department of Motor Vehicles) کے مقامات پر تشہیر شامل ہے، تاکہ خاندانوں تک وہاں پہنچا جا سکے جہاں وہ موجود ہیں اور نیو یارک کے خاندانوں کے لیے اس اہم مراعت کے بارے میں عوامی آگاہی بڑھائی جا سکے۔ رسائی کے مختلف مواد یہاں دستیاب ہیں: https://otda.ny.gov/programs/summer-ebt/school-provider-information/

سمر EBT مراعات اور اہلیت کے بارے میں مزید جاننے یا درخواست دینے کے لیے ny.gov/SummerEBT ملاحظہ کریں۔ موسم گرما 2026 کی مراعات کے لیے درخواستیں، 8 ستمبر 2026 تک جمع کروانا ضروری ہے۔

سینیٹر Charles Schumer (چارلس شومر) نے کہا، "کوئی بھی بچہ کبھی بھوکا نہیں رہنا چاہیئے اسی لیے میں نے ہمیشہ سمر EBT پروگرام کے لیے وفاقی فنڈنگ حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کی ہے۔ میں شکر گزار ہوں کہ گورنر Hochul (ہوکل) نے اس موسمِ گرما میں ریاست نیو یارک بھر میں تقریباً 1.6 ملین بچوں کو $189 ملین پہلے ہی فراہم کر دیئے ہیں۔ اس موسمِ گرما میں نیو یارک کے بہت سے شہریوں کے لیے گزارا کرنا مشکل ہو رہا ہے اس لیے بھوکے بچوں کے لیے وفاقی فنڈنگ پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ اور جیسا کہ وفاقی غذائی امداد میں ریپبلکنز کی ظالمانہ کٹوتیاں نافذ ہو رہی ہیں، تو ایسے میں یہ پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے کہ ہم ریاست بھر کے بچوں کو کھانا فراہم کرنے میں مدد کے لیے اپنے پاس موجود ہر ممکن ذریعہ استعمال میں لائیں۔"

سینیٹر Kirsten Gillibrand (کرسٹن جیلیبرانڈ) نے کہا، "جہاں Trump (ٹرمپ) اور ریپبلکنز اس غذائی امداد میں کٹوتی کر رہے ہیں جس پر نیو یارک کے شہری انحصار کرتے ہیں، وہاں مجھے فخر ہے کہ میں گورنر Hochul (ہوکل) کے ساتھ کھڑی ہوں تاکہ ہمارے بچوں کو خوراک ملتی رہے اور نیو یارک کے لیے کام کیا جا سکے۔ میں تعلیمی سال کے دوران یونیورسل اسکول کے مفت کھانے فراہم کرنے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی شاندار کوششوں کو سراہتی ہوں اور اب جب موسمِ گرما کے لیے اسکول بند ہیں، یہ اہم سمر EBT فنڈنگ اہل طلباء اور خاندانوں کو وفاقی غذائی امداد فراہم کرتی رہے گی۔ مجھے فخر ہے کہ میں نے اس وفاقی پروگرام کو

مستقل بنانے کے لیے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے جدوجہد کی کہ نیو یارک کے کمسن شہری موسمِ گرما کے مہینوں میں خوراک تک رسائی جاری رکھ سکیں۔"

نمائندہ Joe Morelle (جو موریل) نے کہا، "جب اسکول موسمِ گرما کے لیے بند ہوتے ہیں، تو اس وقت کسی بھی بچے کو اس فکر میں مبتلا نہیں ہونا چاہیئے کہ اس کا اگلا کھانا کہاں سے آئے گا۔ میں نیو یارک کے خاندانوں کے لیے زندگی کو زیادہ قابلِ استطاعت بنانے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی مسلسل وابستگی پر ان کا شکر گزار ہوں کہ بچوں کو وہ صحت بخش کھانے دستیاب ہوں جن کی انہیں سیکھنے، بڑھنے، اور پھلنے پھولنے کے لیے ضرورت ہے۔"

نمائندہ Grace Meng (گریس مینگ) نے کہا، "سمر EBT مراعات ان خاندانوں کے لیے ضروری ہیں جو یہ یقینی بنانے کے لیے اسکول کے کھانے کے پروگرامز پر انحصار کرتے ہیں کہ ان کے بچے ناشتہ اور دوپہر کا کھانا کھاتے ہیں۔ میں ریاست بھر میں بھوک مٹانے کے لیے کارروائی کرنے اور اس غذائی کمی کو پورا کرنے میں مدد دینے پر گورنر Hochul (ہوکل) کو سراہتی ہوں جو اس وقت پیدا ہوتی ہے جب اسکول بند ہوتا ہے۔ اگرچہ واشنگٹن میں ریپبلکنز نیو یارک کے سینکڑوں، ہزاروں شہریوں کو غذائی امداد سے محروم کر رہے ہیں اور ارب پتی افراد کے لیے ٹیکس کم کر رہے ہیں، تاہم ڈیموکریٹس ہمارے بچوں کو بھوکا نہیں رہنے دیں گے۔ کانگریس میں، میں کوئینز کے لیے پیسہ واپس لانے اور SNAP جیسے وفاقی غذائی امداد پروگرامز کو مضبوط بنانے کی خاطر اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہوں جو خاندانوں کے لیے سہارا ہیں۔ چاہے یہ میرا دو جماعتی ہاٹ فوڈز ایکٹ (Hot Foods Act) ہو یا چوری شدہ SNAP مراعات ختم کرنے کا ایکٹ (Ending Stolen SNAP Benefits Act)، میں اس وقت تک کام کرنا بند نہیں کروں گی جب تک نیو یارک کے ہر گھرانے کو ہر کھانے کے لیے خوراک دستیاب نہیں ہو جاتی۔"

نمائندہ George Latimer (جارج لیٹیمر) نے کہا، "کچھ ریاستوں میں، موسمِ گرما کی تعطیلات میں بچوں کے پاس ہر روز تین وقت کا کھانا کھانے کی کوئی ضمانت نہیں ہوتی۔ تاہم نیو یارک میں، اس موسمِ گرما میں تقریباً 1.6 ملین بچوں کو گورنر Hochul (ہوکل) اور ریاست نیو یارک کے ذریعے سے غذائی امداد پہلے ہی مل چکی ہے۔ مجھے اہم سمر EBT پروگرام کی حمایت کرنے پر فخر ہے اور میں نے بچوں کے لیے سمر میلز ایکٹ (Summer Meals for Kids Act) کی مشترکہ سرپرستی کی ہے، جو سمر EBT کو قومی اسکول لنچ پروگرام (National School Lunch Program) کے ساتھ ضم کرے گا۔ مجھے اپنی ریاست پر فخر ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک بھر کے تمام بچوں کو یہ فکر کیے بغیر اپنی گرمیاں گزارنی چاہیئیں کہ ان کا اگلا کھانا کہاں سے آئے گا۔"

نمائندہ Tim Kennedy (ٹم کینیڈی) نے کہا، "ایک بار پھر نیو یارک وہاں آگے بڑھ رہا ہے جہاں واشنگٹن ناکام رہا ہے اور اس بات کو یقینی بنا رہا ہے کہ جب اسکول بند ہوں تو تقریباً 1.6 ملین بچے بھوکے نہ رہیں اور خاندانوں کو گروسری کی بڑھتی ہوئی لاگت کا بوجھ اکیلے نہ اٹھانا پڑے۔ جہاں نیو یارک ہمارے بچوں کی صحت، غذائیت اور مستقبل میں سرمایہ کاری کر رہا ہے، وہیں واشنگٹن میں ریپبلکنز ایک غیر اخلاقی ایجنڈے کا دفاع کر رہے ہیں، جس کے نتیجے میں امریکی تاریخ میں غذائی امداد میں سب سے بڑی کٹوتیاں ہوئی ہیں اور یہ سب ارب پتی افراد کو ٹیکس میں چھوٹ دینے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ مجھے گورنر Hochul (ہوکل) کے افورڈیبلٹی ایجنڈے کی حمایت کرنے پر فخر ہے کیونکہ امپائر اسٹیٹ مثال قائم کرتے ہوئے قیادت جاری رکھے ہوئے ہے۔"

ریاستی سینیٹر Roxanne J. Persaud (روکسین جے پرساڈ) نے کہا، "2026 کے موسم گرما میں مراعات کی الیکٹرانک منتقلی (Summer EBT) پروگرام، جس کا انتظام OTDA کرتا ہے، اہل خاندانوں کو فی بچہ 120$ دیتا ہے تاکہ وہ موسمِ گرما کے دوران، جب اسکول بند ہوتے ہیں، خوراک خرید سکیں۔ یہ رقم یقینی بنائے گی کہ ریاست نیو یارک بھر میں کم آمدنی والے خاندانوں کے تقریباً 2 ملین بچے بھوکے نہیں رہیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کو 240$ ملین مختص کرنے پر سراہتی ہوں تاکہ ہمارے بچے بھوک کے خوف کے بغیر اپنی گرمیوں کی چھٹیوں سے لطف اٹھا سکیں۔ میں تمام والدین کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ یہ رقم خرچ کریں کیونکہ نیو یارک میں کوئی بچہ بھوکا نہیں رہنا چاہیئے۔"

رکن اسمبلی Maritza Davila (ماریٹزا ڈیویلا) نے کہا، "میں گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کو اُس سمر EBT پروگرام کے ذریعے سے موسمِ گرما کے مہینوں میں اس بات کو یقینی بنانے کے سلسلے میں مسلسل وابستگی پر سراہتی ہوں کہ کوئی بچہ بھوکا نہ رہے، جو پہلے ہی تقریباً 1.6 ملین بچوں کو صحت بخش خوراک تک رسائی میں مدد دے رہا ہے۔ اس وقت بہت سے خاندان اپنی زندگی میں ہر چیز کی بڑھتی ہوئی لاگت پوری کرنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں جس میں رہائش، طبی نگہداشت، اور خاص طور پر خوراک کے اخراجات شامل ہیں۔ یہ اہم امداد والدین کو کھانا مہیا کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اسمبلی سوشل سروسز کمیٹی (Assembly Social Services Committee) کی چیئر کے طور پر، مجھے سمر EBT پروگرام کی حمایت کرنے پر فخر ہے۔"

نو کڈ ہنگری نیو یارک (No Kid Hungry New York) کی ڈائریکٹر Rachel Sabella (ریچل سبیلا) نے کہا، "سمر EBT ان مؤثرترین ذرائع میں سے ایک ہے جو ہمارے پاس اس وقت موسمِ گرما کے مہینوں میں بچوں کی بھوک کا مقابلہ کرنے کے لیے موجود ہیں، جب بہت سے بچے ان اسکول کے کھانوں تک رسائی کھو دیتے ہیں جن پر وہ انحصار کرتے ہیں۔ چونکہ خوراک کی لاگت مسلسل بڑھ رہی ہے اور مجوزہ وفاقی کٹوتیاں SNAP اور دیگر غذائی پروگرامز کے لیے خطرہ بن رہی ہیں، ایسے میں سمر EBT پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ اہل خاندانوں کو صحت بخش خوراک فراہم کرنے میں مدد دینے کے علاوہ، یہ مراعات مقامی معیشتوں کو بھی مضبوط کرتی ہیں کیونکہ وصول کنندگان انہیں اپنے علاقے کے گروسری اسٹورز، فارمرز مارکیٹس، اور دیگر مقامی کاروباری اداروں پر خرچ کر سکتے ہیں۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) کے شکر گزار ہیں کہ وہ اس بات کو یقینی بنانے میں مسلسل قیادت کر رہی ہیں کہ نیو یارک کے خاندان ان اہم مراعات تک رسائی حاصل کر سکیں جس سے بچوں کو صحت مند، فعال، اور سیکھنے کے لیے تیار رہنے میں مدد ملتی ہے جبکہ ریاست بھر کی کمیونٹیز کی معاونت بھی ہوتی رہے۔"

یونائیٹڈ وے آف نیو یارک سٹی (United Way of New York City) کی چیف ایگزیکٹیو آفیسر Grace Bonilla (گریس بونیلا) نے کہا، "بہت سے کام کرنے والے خاندانوں کے لیے، موسمِ گرما میں ایک ایسے وقت میں گروسری کے بل مزید بڑھ جاتے ہیں جب گھریلو بجٹ کو پہلے ہی کھینچ تان کر گزارا کیا جا رہا ہے۔ سمر EBT یہ یقینی بناتے ہوئے اس بوجھ کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے کہ بچے اسکول بند ہونے پر بھی صحت بخش خوراک تک رسائی جاری رکھ سکیں۔ ہم نیو یارک کے بچوں اور خاندانوں میں سرمایہ کاری کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ خوراک تک رسائی کی رکاوٹیں کم کرنے سے بچوں کو سیکھنے، بڑھنے، اور پھلنے پھولنے میں مدد ملتی ہے اور والدین پر سے ناممکن فیصلوں میں سے ایک کا بوجھ کم ہو جاتا ہے۔"

رابن ہڈ (Robin Hood) کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر Richard R. Buery, Jr. (رچرڈ آر بیوری) نے کہا، "نیو یارک میں کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے، موسمِ گرما کا مطلب ایک حقیقی مشکل ہو سکتا ہے۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب اسکول کے کھانے ختم ہو جاتے ہیں اور بجٹ بہت تنگ ہو جاتے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) کا سمر EBT پروگرام اس چیلنج کا ایک بامعنی جواب ہے، جو تقریباً دو ملین ضرورت مند بچوں تک حقیقی رقم پہنچا رہا ہے۔ ہم نیو یارک کے بچوں اور خاندانوں کے لیے اس عزم کو سراہتے ہیں۔"

ہنگر فری امریکہ (Hunger Free America) کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر Joel Berg (جوئل برگ) نے کہا، "بھوکے بچے ہی وہ واحد بچے ہوتے ہیں جو اسکول سے موسمِ گرما کی تعطیلات سے لطف اندوز ہونے کے بجائے ان سے خوف کھاتے ہیں، کیونکہ NYS کے ان بچوں کی بڑی اکثریت، جو تعلیمی سال کے دوران اسکول کے کھانے حاصل کرتی ہے، اسکول بند ہونے پر موسمِ گرما کے کھانے کے مقامات پر حکومت کی طرف سے فنڈ شدہ خوراک حاصل نہیں کر پاتی۔ اسی لیے وفاقی فنڈ سے چلنے والا سمر EBT پروگرام اس خلا کو پُر کرنے میں بہت اہم ہے۔ ہم اس اہم پروگرام کی جانب توجہ دلوانے پر گورنر Hochul (ہوکل) کو سراہتے ہیں۔"

ہنگر سلوشنز نیو یارک (Hunger Solutions New York) کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر Andrés Vives (آندریس ویوس) نے کہا، "سمر EBT موسمِ گرما کے مہینوں میں جب بہت سے بچوں کے لیے اسکول کے مفت کھانوں تک رسائی ختم ہو جاتی ہے، اہل بچوں والے خاندانوں کے لیے اہم غذائی وسائل فراہم کرتا ہے۔ گروسری کی قیمتیں مسلسل بڑھ رہی ہیں ایسے میں یہ اضافی وسائل خاندانوں کے بجٹ میں واضح فرق پیدا کریں گے۔ سمر EBT بچوں کو وہ خوراک حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے جو انہیں صحت مند رہنے اور خزاں میں اسکول واپسی پر

سیکھنے کے لیے تیار ہونے کے لیے مطلوب ہوتی ہے۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل)، ریاستی قانون سازوں، اور ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری کی امداد کو اس اہم پروگرام کے لیے ان کے عزم پر سراہتے ہیں۔"

نیو یارک ہیلتھ فاؤنڈیشن (New York Health Foundation) کی سینئر پروگرام آفیسر Julia McCarthy (جولیا میکارتھی) نے کہا، "موسمِ گرما بچوں کے لیے سال کا خوشگوار وقت ہونا چاہیئے۔ لیکن جب آپ بھوکے ہوں تو خوش رہنا مشکل ہوتا ہے، اور SNAP میں حالیہ کٹوتیاں اس موسمِ گرما کو خاندانوں کے لیے مزید مشکل بنا دیں گی۔ نیو یارک ہیلتھ فاؤنڈیشن کو فخر ہے کہ ہماری ریاست بچوں کو صحت بخش خوراک تک رسائی میں مدد دینے کے لیے سمر EBT پیش کرتی ہے اور ہمیں اس پلیٹ فارم کی تیاری کی حمایت کرنے پر فخر ہے جو خاندانوں کو یہ جانچنے میں مدد دیتا ہے کہ کیا وہ اس مراعت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔"

اسکائلر سینٹر فار اینالیسس اینڈ ایڈووکیسی (Schuyler Center for Analysis and Advocacy) کی صدر اور چیف ایگزیکٹیو آفیسر Kate Breslin (کیٹ بریسلن) نے کہا، "جب تعلیمی سال ختم ہوتا ہے، تو اسکول کے ان مفت کھانوں تک رسائی بھی ختم ہو جاتی ہے جن پر لاکھوں بچے انحصار کرتے ہیں۔ سمر EBT اس خلا کو پُر کرنے میں مدد دیتا ہے اور اہل خاندانوں کے ہاتھ میں فی بچہ $120 دیتا ہے۔ توقع ہے کہ سمر EBT نیو یارک بھر میں اسکول کی عمر کے تقریباً 2 ملین بچوں تک پہنچے گا۔ یہ اس وقت خاص طور پر اہم ہے جب فیڈرل ریزرو بینک آف نیو یارک (Federal Reserve Bank of New York) رپورٹ کرتا ہے کہ 'بالخصوص چھوٹے بچوں والے گھرانوں میں، خوراک کے عدم تحفظ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔' موسم چاہے جو بھی ہو، ہر بچے کو اچھی خوراک ملنی چاہیئے۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں